نیشنل ٹی ٹونٹی کپ سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کادوسراروز،سدرن پنجاب اور سندھ فاتح

- ذیشان اشرف کی ناقابل شکست سنچری نے سدرن پنجاب کو ناردرن کے خلاف کامیابی دلادی
- محمد وقاص کی جارحانہ بیٹنگ نےایونٹ میں سندھ کو مسلسل دوسری کامیابی دلادی

لاہور، 14 اکتوبر 2019ء:

ایونٹ کے دوسرے روز نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے پہلے میچ میں سدرن پنجاب نے ذیشان اشرف کی شاندار سنچری کی بدولت ناردرن کو 7 وکٹوں کے بھاری مارجن سے شکست دے دی-200سے زائد اسٹرائیک ریٹ سےکھیلنے والےاوپنر ذیشان اشرف نے ناقابل شکست 127 رنز اسکور کیے۔ نیشنل ٹی ٹونٹی کپ سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں ناردرن نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتےہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 190 رنز بنائے-آلراؤنڈرنعمان علی نے 33 گیندوں پر 67 رنز کی اننگز کھیلی۔ ان کی اننگز میں 8 چوکے اور3چھکے شامل تھے۔ ناردرن کے اوپنرز ذیشان ملک اور عمیر خان نے بالترتیب35 اور 30 رنز اسکور کیے-سدرن پنجاب کی جانب سے محمد عرفان جونیئر نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں اوپنرذیشان اشرف کی شاندار بیٹنگ کی بدولت سدرن پنجاب نے مقررہ ہدف 9 گیندیں قبل حاصل کرلیا۔ ذیشان اشرف نے 63 گیندوں پر 127 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ ان کی اننگز میں 11 چوکے اور 9 چھکے شامل تھے۔ مڈل آرڈربیٹسمین محمد محسن نے نے بھی ناقابل شکست 43 رنز بنا کر ان کا بھرپور ساتھ دیا۔ ناردرن کے سلمان ارشاد، شہزاد اعظم اور نعمان علی نے 1،1 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے دوسرےٹی ٹونٹی میچ میں سندھ نے بلوچستان کو 5 وکٹوں سے شکست دے دی۔ سندھ کی جانب سےمڈل آرڈربیٹسمین محمد وقاص نے 47 رنز

کی دھواں دھار اننگز کھیلی۔ اس سے قبل سندھ نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ اوپنر عظیم گھمن کی نصف سنچری اور جلات خان کی جارحانہ اننگز کی بدولت بلوچستان نےمقررہ 20 اوورز میں 169رنز بنائے۔ عظیم گھمن نے 48 گیندوں 6 چوکوں کی مدد سے 58 رنز اسکور کیے۔آلراؤنڈر جلات خان نے 22 گیندوں پر 45 رنز کی دھواں دھار اننگز کھیلی۔ ان کی اننگز میں 6 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔ سندھ کی جانب سےغلام مدثر اورحسان خان نے2،2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں سندھ نے مطلوبہ ہدف18.5 اوورز میں 5وکٹوں کے نقصان پرحاصل کرلیا۔ مڈل آرڈربیٹسمین محمد وقاص نے 26 گیندوں پر 47 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی۔ ان کی اننگز میں 4 چوکے اور 3 چھکے شامل تھے۔ اوپنر جاہد علی 36 رنز بنا کر سندھ کے دوسرے نمایاں بیٹسمین رہےبلوچستان کی جانب سے جلاد خان نے 2 جبکہ خرم شہزاد، عاطف جبار اور ابتسام شیخ نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

ایونٹ میں منگل کے روز 2 میچز کھیلے جائیں گے۔ پہلے میچ میں ناردرن اور سنٹرل پنجاب جبکہ دوسرے میچ میں خیبرپختونخوا اور سدرن پنجاب کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk